اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ وَ الثَّلَاثُوْنَ - 39

1- تعریف و اقسام فعل

- فاعل معلوم یا موجود ہونا/نہ ہونا

1) فعل معلوم

2) فعل مجہول

2- انواع نائب الفاعل

1) اسم ظاہر 2) ضمائر

3- فعل مجہول بنانے کا طریقہ

الف) ماضی مجہول و مضارع مجہول

ب) اوزان

4- فعل معلوم و مجہول میں فرق

5- گردانیں

1) فعل ماضی معروف/ معلوم و مجہول

2) فعل مضارع معروف/معلوم و مجہول

3) فعل ماضی، مضارع معروف/معلوم و مجہول

6- چارٹ فعل کی مختلف اعتبار سے 5 اہم اقسام

Dar Ul Imaan Institute

1- تعریف واقسام فِعْل

• فاعل معلوم ہونے یا نہ ہونے کی صورت میں فعل کی دو اقسام ہیں۔

1) فعل معلوم /معروف(The Active Verb) 2) فعل مجہول(The passive Verb)

1) فِعْل معلوم (The Active Verb)

• جب فعل کا فاعل جانا پہچانا ہو تو اسے " فِعْل معلوم " کہتے ہیں۔ جیسے:

1) قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوتَ (البقرۃ:251)

فعل ماضی معروف ،فاعل اسم ظاہر معلوم ، مفعول

2) يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا (النّباء: 38)

فعل مضارع مرفوع ، فاعل اسم ظاہر/ معطوف علیہ ،حرف عطف، معطوف، حال منصوب مرفوع بالضمّہ

2) فِعْل مجہول (The passive Verb)

• ج ھ ل۔ علم نہ ہونا،نہ جاننا ،نا معلوم ، چھپا ہوا ۔جیسے:

1) كُتِبَ × عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ (البقرۃ:183)

فعل ماضی مجہول ، فاعل غیر موجود ، نائب فاعل مرفوع

2) فَيَقْتُلُونَ وَ يُقْتَلُونَ (التوبہ:111)

فعل مضارع مرفوع بثبوت النون ،مضارع مجہول ، واؤ الجماعۃ نائب فاعل

فاعل واو الجماعۃ

2- انواع نائب الفاعل

- نائب فاعل کی کئی شکلیں ہیں ان میں سے دو اہم ہیں۔

1) اسم ظاہر 2) ضمائر

1) اسم ظاہر

1) کہ جب فاعل "نامعلوم" یا "موجود" نہیں۔

2) تو "مفعول بہ" اکثر آگے بڑھ کر فَاعِل کی جگہ لے لیتا ہے یا جُملے میں فَاعِل کی طرح فِعل کے بعد آتا ہے۔ جیسے:

قُتِلَ الْإِنسَٰنُ (عبس:17)

فعل ماضی مجہول ، نائب فاعل مرفوع

- " الْإِنسَٰنُ " اصل میں "مفعول بہ منصوب" تھا۔ فاعل نامعلوم / موجود نہ ہونے کی صورت میں "نائب فاعل" بن گیا۔

3) یہ فاعل کے قائم مقام ہوتا ہے اس لیے اسے نائب فاعل (The Pro Agent) کہتے ہیں۔

4) اسے فاعل کا اعراب(Status)" رفعٌ "دیا جاتا ہے۔

5)عربی گرامر میں اسے " مَفْعُولٌ مَا لَمْ يُسَمَّ فَاعِلَهُ" کہتے ہیں۔

"وہ مفعول جس کے فاعل کا نام نہ لیا گیا"

2) ضمائر

1)اگر جملے میں نائب فاعل موجود نہ ہو تو فعل کے اندر موجود ضمیر کو"نائب فاعل" مانا جاتا ہے۔یاد رہے جس طرح فعل معلوم کے ہر صیغے میں موجود ضمیر فاعل بنتی ہے بالکل اسی طرح فعل مجہول میں ضمیر "نائب فاعل" کا کردار ادا کرتی ہے۔

2) ضمیر مستتر نائب فاعل: جیسے:

1) بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ (هِيَ) (التکویر:9)

جار و مجرور/مضاف ، مضاف الیہ فعل ماضی مجہول ضمیر مستتر نائب فاعل

3) ضمیر بارز نائب فاعل:

1) قُتِلُوْا (محمد:4)

فعل ماضی مجہول ، واؤ الجمع ضمیر بارزنائب فاعل

2) يُحْشَرُوْنَ (الانعام:38)

فعل مضارع مجهول ، واؤ الجمع ضمیر بارزنائب فاعل

3) أُمِرْتُ (الزمر:12)

فعل ماضی مجهول ، ضمیر تائےمتحرک واحد متکلم نائب فاعل

4) يُعْرَفْنَ (الاحزاب:59)

فعل مضارعمجهول نون نسوة ضمیر جمع مؤنث نائب فاعل

5) أُخْرِجْنَا (البقرة:246)

فعل ماضی مجهول ، ضمیر "نا"جمع متکلم نائب فاعل

Dar Ul Imaan Institute

3) الف)


فِعل مجہول بنانے کا طریقہ
فِعل ماضی مجہول
فِعل مضارع مجہول
ہمیشہ "وزن "فُعِلَ"
كَتَبَ ⟵ كُتِبَ
1) فاء کلمہ "ضمّۃ" ُ
2) عین کلمہ "کسرۃ" ِ
3) لام کلمہ کوئی تبدیلی نہیں
ہمیشہ فتحہ َ
ہمیشہ "وزن "يُفْعَلُ"
يَكْتُبُ ← يُكْتَبُ
يَ ⟵ يُ
1) علامت مضارع "ضمّۃ" ُ
2) عین کلمہ " فتحہ" َ
3) لام کلمہ کوئی تبدیلی نہیں
ہمیشہ "ضمّۃ" ُ

ب)


فِعل مجہول کے اوزان
فِعل ماضی مجہول
فِعل مضارع مجہول
فاء کلمہ عین کلمہ لام کلمہ
فُعِلَ
"ضمّۃ" ُ ، "کسرۃ" ِ ، کوئی تبدیلی نہیں
فاء کلمہ عین کلمہ
يُفْعَلُ
"ضمّۃ" ُ ، فتحہ َ ، کوئی تبدیلی نہیں

-4

فرق ، فعل مَعَلُوْم و مجهُول

فرق

فعل معلوم

1) فاعل موجود

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا (الابراهم :24)

فعل معلوم ، فاعل اسم ظاہر ، مفعول بہ

2) یہ فعل لازم (Intransitive)

اور فعل متعدّی (Transitive)

دونوں سے بن سکتا ہے۔

3) ترتیب: فعل + فاعل + مفعول بہ

فعل مجهُول

1) فاعل عدم موجود

2) وَخُلِقَ × اَلْإِنسَـٰنُ (النساء :28)

ماضی مجہول ، فاعل عدم موجود ، نائب فاعل مرفوع

2) فاعل کی عدم موجودگی میں " **مفعول به** قائم مقام بنتا ہے اسے "**نائب فاعل**" کہتے ہیں۔

3) یہ صرف فعل متعدّی سے بنتا ہے کیونکہ متعدّی افعال کا "**مفعول به** "فاعل کی غیر موجودگی میں آگے بڑھ کر قائم مقام نائب فائل بن جاتا ہے۔ یاد رہے لازم افعال کے پاس مفعول نہیں ہوتا۔

4) ترتیب: فعل + نائب فاعل



5) گردانیں: 1)

فِعْل ماضی معروف/ معلوم و مجہول

				فِعْل ماضی معروف/معلوم		فِعْل ماضی مجہول	
غائب	مُذکّر	واحد	1	اس ایک مرد نے مدد کی	نَصَرَ	اس ایک مرد کی مدد کی گئی	نُصِرَ
		تثنیہ	2	ان دو مردوں نے مدد کی	نَصَرَا	ان دو مردوں کی مدد کی گئی	نُصِرَا
		جمع	3	ان سب مردوں نے مدد کی	نَصَرُوْا	ان سب مردوں کی مدد کی گئی	نُصِرُوْا
	مُؤنث	واحد	4	اس ایک عورت نے مدد کی	نَصَرَتْ	تو ایک عورت کی مدد کی گئی	نُصِرَتْ
		تثنیہ	5	ان دو عورتوں نے مدد کی	نَصَرَتَا	تم دو عورتوں کی مدد کی گئی)	نُصِرَتَا
		جمع	6	ان سب عورتوں نے مدد کی	نَصَرْنَ	تم سب عورتوں کی مدد کی گئی	نُصِرْنَ
حاضر	مُذکّر	واحد	7	تم ایک مرد نے مدد کی	نَصَرْتَ	تم ایک مرد کی مدد کی گئی	نُصِرْتَ
		تثنیہ	8	تم دو مردوں نے مدد کی	نَصَرْتُمَا	تم دو مردوں کی مدد کی گئی	نُصِرْتُمَا
		جمع	9	تم سب مردوں نے مدد کی	نَصَرْتُمْ	تم سب مردوں کی مدد کی گئی	نُصِرْتُمْ
	مُؤنث	واحد	10	تو ایک عورت نے مدد کی	نَصَرْتِ	تو ایک عورت کی مدد کی گئی	نُصِرْتِ
		تثنیہ	11	تم دو عورتوں نے مدد کی	نَصَرْتُمَا	تم دو عورتوں کی مدد کی گئی	نُصِرْتُمَا
		جمع	12	تم سب عورتوں نے مدد کی	نَصَرْتُنَّ	تم سب عورتوں کی مدد کی گئی	نُصِرْتُنَّ
متکلّم	مُذکّر / مُؤنث	واحد	13	میں ایک عورت یا مرد نے مدد کی	نَصَرْتُ	میری، ایک مرد یا عورت کی مدد کی گئی	نُصِرْتُ
	مُذکّر / مُؤنث	جمع	14	ہم دو یا سب مردوں یا عورتوں نے مدد کی	نَصَرْنَا	ہم دو یا سب مردوں یا عورتوں کی مدد کی گئی	نُصِرْنَا

(2

فِعْل مضارع معروف/ معلوم و مجهول

					فِعْل مضارع معروف/معلوم		فِعْل مضارع مجهول	
غائب	مُذَکّر	واحد	1	یَنْصُرُ	وہ ایک مرد مدد کرتا ہے/کرے گا	یُنْصَرُ	اس ایک مرد کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی
		تثنیہ	2	یَنْصُرَانِ	وہ دو مرد مدد کرتے ہیں/کریں گے	یُنْصَرَانِ	ان دو مردوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی
		جمع	3	یَنْصُرُوْنَ	وہ سب مرد مدد کرتے ہیں/کریں گے	یُنْصَرُوْنَ	ان سب مردوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی
	مُؤنث	واحد	4	تَنْصُرُ	وہ ایک عورت مدد کرتی ہے/کرے گی	تُنْصَرُ	اس ایک عورت کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی
		تثنیہ	5	تَنْصُرَانِ	وہ دو عورتیں مدد کرتی ہیں/کریں گیں	تُنْصَرَانِ	تم دو عورتوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی۔
		جمع	6	یَنْصُرْنَ	وہ سب عورتیں مدد کرتیں ہیں/کریں گی	یُنْصَرْنَ	ان سب عورتوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی
حاضر	مُذَکّر	واحد	7	تَنْصُرُ	تم ایک مرد مدد کرتے ہو/کروگے	تُنْصَرُ	تجھ ایک مرد کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی
		تثنیہ	8	تَنْصُرَانِ	تم دو مرد مدد کرتے ہو/کروگے	تُنْصَرَانِ	تم دو مردوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی۔
		جمع	9	تَنْصُرُوْنَ	تم سب مرد مدد کرتے ہو/کروگے	تُنْصَرُوْنَ	تم سب مردوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی۔
	مُؤنث	واحد	10	تَنْصُرِیْنَ	تم ایک عورت مدد کرتی ہو/کروگی	تُنْصَرِیْنَ	تجھ ایک عورت کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی
		تثنیہ	11	تَنْصُرَانِ	تم دو عورت مدد کرتی ہو/کروگی	تُنْصَرَانِ	تم دو عورتوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی۔
		جمع	12	تَنْصُرْنَ	تم سب عورتیں مدد کرتیں ہیں/کریں گیں	تُنْصَرْنَ	تم سب عورتوں کی مدد کی جاتی ہے/کی جائے
متکلّم	مُذَکّر/ مُؤنث	واحد	13	اَ نْصُرُ	میں ایک (مرد/عورت) مدد کرتا ہوں/کروں گا	أُ نْصَرُ	میری (ایک مرد یا عورت کی) مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی۔
	مُذَکّر/ مُؤنث	جمع	14	نَنْصُرُ	ہم دو یا سب (مرد/عورت) مدد کرتے ہیں/کریں گے	نُنْصَرُ	ہماری دو یا سب (مردوں یا عورتوں کی) مدد کی جاتی ہے/کی جائے گی۔

(3

فِعْل ماضی ،مضارع معروف/ معلوم و مجہول

			فِعْل ماضی		فِعْل مضارع	
		ضمائر	معروف/معلوم	مجہول	معروف/معلوم	مجہول
1	غائب مذکر	هُوَ	نَصَرَ	نُصِرَ	يَنْصُرُ	يُنْصَرُ
2		هُمَا	نَصَرَا	نُصِرَا	يَنْصُرَانِ	يُنْصَرَانِ
3		هُمْ	نَصَرُوْا	نُصِرُوْا	يَنْصُرُوْنَ	يُنْصَرُوْنَ
4	غائب مؤنث	هِيَ	نَصَرَتْ	نُصِرَتْ	تَنْصُرُ	تُنْصَرُ
5		هُمَا	نَصَرَتَا	نُصِرَتَا	تَنْصُرَانِ	تُنْصَرَانِ
6		هُنَّ	نَصَرْنَ	نُصِرْنَ	يَنْصُرْنَ	يُنْصَرْنَ
7	حاضر مذکر	اَنْتَ	نَصَرْتَ	نُصِرْتَ	تَنْصُرُ	تُنْصَرُ
8		اَنْتُمَا	نَصَرْتُمَا	نُصِرْتُمَا	تَنْصُرَانِ	تُنْصَرَانِ
9		اَنْتُمْ	نَصَرْتُمْ	نُصِرْتُمْ	تَنْصُرُوْنَ	تُنْصَرُوْنَ
10	حاضر مؤنث	اَنْتِ	نَصَرْتِ	نُصِرْتِ	تَنْصُرِيْنَ	تُنْصَرِيْنَ
11		اَنْتُمَا	نَصَرْتُمَا	نُصِرْتُمَا	تَنْصُرَانِ	تُنْصَرَانِ
12		اَنْتُنَّ	نَصَرْتُنَّ	نُصِرْتُنَّ	تَنْصُرْنَ	تُنْصَرْنَ
13	متکلم	اَنَا	نَصَرْتُ	نُصِرْتُ	اَ نْصُرُ	أُ نْصَرُ
14		نَحْنُ	نَصَرْنَا	نُصِرْنَا	نَنْصُرُ	نُنْصَرُ

Dar Ul Imaan Institute

6) فعل کی مختلف اعتبار سے 5 اہم اقسام:



Dar Ul Imaan Institute